موت العالم موت العالم

مولانا قاری نصیر احمد عثمانی کا سانحہ ارتحال

مورخہ 16 اگست بروز جمعۃ المبارک نوجوان عالم دین مولانا قاری نصیر احمد عثمانی ناظم تبلیغ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم عالم باعمل ہونے کے ساتھ ساتھ شاندار خطیب اور مبلغ بھی تھے۔ خطابت کے میدان میں ان کی بے مثال خدمات ہیں۔ مرحوم نیک سیرت، بااخلاق، ملنسار اور ہر دلعزیز شخصیت کے مالک تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ کامونکی میں مولانا محمد حنیف ربانی نے پڑھائی۔ جہلم سے نماز جنازہ میں ڈاکٹر عاطف جواد سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس جہلم نے شرکت کی۔

مناظر اسلام حضرت مولانا محمد رفیق سلفی کا انتقال پُر ملال

مورخہ 21 اگست بروز بدھ نامور عالم دین مشہور مناظر و مدرس، شعلہ نوا خطیب و مقرر اور مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع گوجرانوالہ کے سرپرست حضرت مولانا محمد رفیق سلفی (آف راہوالی) اچانک انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم کو تقریر و وعظ اور تدریس میں خاص ملکہ حاصل تھا۔ مولانا مرحوم عالی دماغ، بلند ذہن اور اونچے فکر و خیال کے عالم تھے۔ دل کے صاف اور کردار میں اپنی مثال آپ تھے۔ مولانا سلفی عادات و اخلاق کے اعتبار سے بڑے وضعدار، زہد و ورع کے پیکر، مہمان نواز، خوش اخلاق و اطوار، بڑے خوش مزاج اور محبت کرنے والے عالم دین تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ امیر مرکزیہ پنجاب حافظ عبدالستار حامد نے پڑھائی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور مولانا قطب شاہ نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

ممتاز عالم دین حضرت مولانا حافظ عبدالغفور اثری کا سانحہ ارتحال

معروف عالم دین محقق و مصنف کتب کثیرہ حضرت مولانا حافظ عبدالغفور اثری مورخہ 27 اگست بروز منگل ایک المناک حادثہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جید عالم دین اور بہت بڑے محقق تھے۔ دین اسلام اور مسلک کیلئے اُن کی بے شمار خدمات ہیں اُنہوں نے اپنی ساری زندگی قرآن و حدیث کی تبلیغ اور اشاعت میں گزاری۔ الغرض مولانا مرحوم جماعت کا عظیم سرمایہ تھے۔ اُن کی پہلی نماز جنازہ سیالکوٹ میں جبکہ دوسری نماز جنازہ کھوکھر والی گوجرانوالہ میں ادا کی گئی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے سیالکوٹ میں ان کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔